**Shabbir / Fazil**

**22-03-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- ایران نے، امریکہ اور اسرائیل کی جانب سے اُس کی نیوکلیائی تنصیبات پر کیے گئے حملوں کے جواب میں Negeve نیوکلیائی ریسرچ سینٹر کے نزدیک اسرائیل کے Dimona اور Arad شہروں پر میزائلوں سے حملے کیے ہیں۔

2- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دھمکی دی ہے کہ اگر ایران نے 48 گھنٹے کے اندر آبنائے ہُرمز کو دوبارہ نہیں کھولا تو وہ ایران کے بجلی کے پلانٹس کو نشانہ بنائے گا اور انہیں تباہ کر دے گا۔

3- حکومت نے، چھوٹی ، بہت چھوٹی اور درمیانے درجے کی صنعتوں MSME مینوفیکچررس اور برآمد کاروں کیلئے کریڈٹ گارنٹی اسکیم میں ترمیم کی ہے۔

4- BJP نے پڈوچیری، کیرالم اور آسام میں آئندہ اسمبلی چناؤ کیلئے اپنے امیدواروں کی فہرستیں جاری کر دی ہیں۔

5- اور اسکویش میں، آج ممبئی میں انڈین اوپن کے مردوں کے سنگلز کے فائنل میں Veer Chotrani کا مقابلہ ابھے سنگھ سے ہوگا۔

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے۔

Rev. Iran - Dimona

ایران نے اسرائیل کے Dimona شہر اور Arad شہر میں میزائلوں سے حملے کیے ہیں، جو Negev نیوکلیائی تحقیقی سینٹر کے قریب ہے، جبکہ مغربی ایشیاء میں کشیدگی میں اضافہ ہو گیا ہے۔ ایران کے سرکاری ٹی وی نے بتایا کہ یہ حملے ایران کے Bushehr اور Natanz نیوکلیائی تنصیبات پر امریکہ اور اسرائیلی حملوں کے جواب میں کیے گئے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C - Chiragh Jha

اسرائیل کے وزیراعظم بنیامن نیتن یاہو نے آج Arad کے میئر Yair Maayan کے ساتھ بات چیت کی اور ایران کے حملے میں اسرائیل Dimona اور Negev نیوکلیائی تحقیقی مرکز پر مارے جانے والے افراد کے تئیں تعزیت کا اظہار کیا۔

اسرائیل کی وزارت خارجہ کے مطابق ،بچوں سمیت 100سے زیادہ افراد اس حملے میں زخمی ہوئے ہیں۔ بین الاقوامی جوہری توانائی ایجنسی IAEA نے کہا ہے کہ وہ اسرائیل کے شہر Dimona میں میزائل حملے کے ایک واقعے کی خبروں سے واقف ہے، جس میں Negev میں نیوکلیائی تحقیقی مرکز کو نقصان پہنچنے کا کوئی اشارہ نہیں ملا ہے۔

IAEA نے مزید کہاکہ علاقائی ریاستوں سے موصولہ معلومات کے مطابق تابکاری کی سطح میں کسی غیر معمولی اضافہ کا کا پتہ نہیں چلا۔

دوسری جانب متحدہ عرب امارات میں راسُ الخیمہ کے حکام نے تصدیق کی ہے کہ فضائی دفاعی نظام نے آنے والی خطرات کو کامیابی سے ناکام بنا دیا۔ یہ کارروائیاں ایران کی جانب سے متحدہ عرب امارات کی طرف کئی دنوں سے جاری میزائل اور ڈرون حملوں کے بعد کی گئیں ہیں، جن میں سے بیشتر کو UAE کے دفاعی نظام نے تباہ کردیا۔ یہ تمام پیش رفت ایران کی جانب سے اسرائیل اور اُس کے علاقائی اتحادیوں کے خلاف وسیع پیمانے پر جوابی کارروائیوں کا حصہ ہیں۔

ونود کمار اور چراغ جھا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں .........

[Trump Ultimatum - Iran]

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دھمکی دی ہے کہ اگر ایران نے 48 گھنٹے کے اندر آبنائے ہُرمز کو دوبارہ نہیں کھولا تو وہ ایران کے بجلی کے پلانٹس کو نشانہ بنائے گا اور انہیں تباہ کر دے گا۔ صدر ٹرمپ نے آج صبح Truth سوشل پر یہ اَلٹی میٹم جاری کیا اور ایران کو 48 گھنٹے کا وقت دیا ہے کہ وہ یا تو اہم آبی گزرگاہ آبنائے ہُرمز کو کھول دے یا مزید حملوں کا سامنا کرنے کیلئے تیار رہے۔

انہوں نے بتایا کہ امریکہ ایران کے مختلف بجلی پلانٹس کو نشانہ بنائے گا۔ ایک اور پوسٹ میں صدر ٹرمپ نے کہا کہ ایران کوئی سمجھوتہ کرنا چاہتا ہے، لیکن وہ نہیں کر رہا ہے۔ جناب ٹرمپ نے دلیل دیتے ہوئے کہا کہ انہوں نے مقررہ وقت سے چند ہفتے پہلے ہی اپنے مقاصد حاصل کر لیے ہیں۔×

[Saudi Arabia - Iran]

سعودی عرب نے، ایران کے سفارتخانے میں فوجی اتاشی اور مشن کے اسٹاف کے تین ممبروں کو 24 گھنٹے کے اندر سعودی عرب چھوڑنے کو کہا ہے۔ سعودی عرب نے سلطنت، خلیجی تعاون کونسل GCC کے ملکوں، عرب اور اسلامی ملکوں کے خلاف ایرانی جارحیت کی بھی مذمت کی ہے۔×

Sri Lanka Fuel Price

سری لنکا کی سرکاری کمپنی Ceylon پیٹرولیم کارپوریشن نے پیٹرول کے دام بڑھا دیے ہیں، جن کا اطلاق آج سے ہوگا۔ پیٹرول کی قیمتوں میں اضافہ، مغربی ایشیا خطے میں بڑھتی جنگ کی وجہ سے ہو رہا ہے۔ پیٹرول کی قیمتوں میں یہ اضافہ 24 سے 30 فیصد تک کیا گیا ہے۔ وہیں مٹی کے تیل کی قیمت بھی 60 روپے کے اضافے کے ساتھ 255 روپے فی لیٹر ہوگئی ہے۔

مغربی ایشیا میں جنگ کی صورتحال کے پیشِ نظر ایندھن کی قیمتوں میں یہ دوسری بار اضافہ ہوا ہے۔ اہم ایندھنوں کے زمروں میں مشترکہ اضافہ اب تقریباً 35 فیصد ہو گیا ہے، جو سری لنکا کی برآمدات پر انحصار کرنے والی معیشت پر توانائی کے عالمی بازار کے شدید اثر کو ظاہر کرتا ہے۔x

MCGS Modifications

حکومت نے چھوٹی، بہت چھوٹی اور درمیانی درجے کی صنعتوں MSMEs مینوفیکچررس اور برآمدات کاروں کیلئے بجٹ 2025-26 موجِوُل کریڈٹ گارنٹی اسکیم MCGS میں ترمیم کی ہے۔ اِس اسکیم کے تحت نیشنل کریڈٹ گارنٹی ٹرسٹی کمپنی لمیٹڈ NCGTC کی جانب سے اداروں کے ممبران کو 100 کروڑ روپے تک کے قرض کی سہولت فراہم کی جاتی ہے، تاکہ MCGS-MSME کے تحت MSMEs آلات اور مشینری خرید سکیں۔ ایک بیان میں وزارت خزانہ نے کہا ہے کہ اِس ترمیم کے ذریعے MSMEs کا احاطہ کرنے میں توسیع ہوگی، عمل آوری کا بوجھ کم ہوگا اور MSME برآمد کاروں کو ہدف شدہ ترغیب دی جائے گی۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Rev. BJP Pddducherry

بھارتیہ جنتا پارٹی نے پڈوچیری قانون ساز اسمبلی کے چناوٴ کیلئے اپنے امیدواروں کی پہلی فہرست جاری کر دی ہے۔ اُس نے 10 سیٹوں میں سے 9 امیدواروں کو ٹکٹ دیا ہے، جو اُسے الاٹ کی گئی ہیں۔

پارٹی کے قومی صدر نتن نبین کی طرف سے اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کے بعد دلی میں BJP کے مرکزی دفتر نے امیدواروں کی فہرست کے ناموں کا اعلان کیا۔

BJP کے قومی جنرل سکریٹری ارون سنگھ کی جانب سے ایک پریس نوٹ کے مطابق اِس میٹنگ میں وزیراعظم نریندر مودی، وزیر دفاع راجناتھ سنگھ، وزیر داخلہ امت شاہ اور سینٹرل الیکشن کمیٹی کے تمام ممبران نے شرکت کی۔

پیش ہے ایک رپورٹ

VC/ Bibin S Nath

جمعے کو پڈوچیری چناؤ کیلئے سیٹوں کے بٹوارے کو لے کر NDA کی پارٹیوں میں ایک سمجھوتے کے بعد BJP کے امیدواروں کی فہرست جاری کی گئی ہے۔ آل انڈیا NR کانگریس ، 16 سیٹوں پر چناؤ لڑے گی۔ BJP دس سیٹوں پر جبکہ آل انڈیا انّا Dravida Munnetra Kazhagam اور Latchiya Jananayaka پارٹی دو۔دو سیٹوں پر چناؤ لڑے گی۔ BJP نے کل اپنی فہرست جاری کی جس میں Mannadipet سے وزیر داخلہ Namasivayam ،

راج بھون سے ریاستی صدر وی پی راما لنگھم، Mudaliarpet سے وزیر جون کمار، اسمبلی اسپیکر Manavely R.Selvem, سے چناؤ لڑیں گے۔

پڈوچیری میں نامزدگیاں داخل کرنے کا کُل آخری دن ہے۔x

Bibin S Nath کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

[BJP Assam 2nd List]

BJP کی مرکزی انتخابی کمیٹی نے آسام میں ہونے والے اسمبلی انتخابات کیلئے دو امیدواروں کی دوسری فہرست جاری کی ہے۔ فہرست کے مطابق Dalgaon حلقے سے سُو شری کرشنا ساہا چناؤ لڑیں گی، جبکہ Sissbargaon حلقے سے Jiban Gogoi کو میدان میں اُتارا گیا ہے۔x

[BJP - Keralam 3rd List]

BJP نے، کیرالم میں آئندہ اسمبلی چناؤ کیلئے 11 امیدواروں کی اپنی تیسری فہرست جاری کر دی ہے۔ اس فہرست میں ٹی-این سریش کا نام شامل ہے، جو Kovalam اسمبلی سیٹ سے چناؤ لڑیں گے۔ وی رَتھیش، Peerumade سیٹ سے، Ajimon ، Mavelikkara سیٹ سے، جبکہ وِویک گوپن Chavara سیٹ سے چناؤ لڑیں گے۔ BJP کی مرکزی چناؤ کمیٹی کی طرف سے اِن امیدواروں کے ناموں کو حتمی شکل دی گئی ہے۔

کیرالم میں 140 رکنی اسمبلی کیلئے پولنگ 9 اپریل کو کرائی جائے گی، جبکہ ووٹوں کی گنتی 4 مئی کو ہوگی۔x

IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے آج ذیلی ہمالیہ کے دوردراز علاقوں، مغربی بنگال اور سکم میں گرج چمک کے ساتھ بارش ہونے اور تیز ہواؤں کے چلنے کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمے نے گنگا کے ترائی والے مغربی بنگال کے علاقوں، ناگالینڈ، منی پور، مزورم، تریپورہ، اُڈیشہ اور مغربی راجستھان میں بھی آج اسی طرح کی صورتحال کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کیرالہ اور ماہے میں کل تک گرمی اور حبس کی صورتحال برقرار رہنے کا بھی امکان ظاہر کیا ہے۔×

Morn. Squash

اسکویش میں، چوٹی کی کھلاڑی اور موجودہ چیمپئن Anahat Singh نے کل رات ممبئی میں انڈین اوپن PSA اکویش ٹُور کاپر مقابلے میں خواتین کے سنگلز کے فائنل میں پہنچنے کیلئے اپنی ہموطن ساتھی کھلاڑی تنوی کھنہ کو تین-ایک سے ہرا دیا۔ اب اُن کا مقابلہ آج مصر کی کھلاڑی Hana Moataz سے ہوگا۔

اس دوران مردوں کے سنگلز میں بھارت کے Veer Chotrani ملیشیاء کے سنجے Jeeva کو تین-ایک سے شکست دے کر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ اب آج فائنل مقابلے میں Veer Chotrani، ابھے سنگھ کا سامنا کریں گے۔ اس سے پہلے ابھے سنگھ کل شام سیمی فائنل میں ملیشیاء کے Amishenraj Chandran کو تین-ایک سے ہرا کر فائنل میں پہنچے تھے۔×

Akash Deep - KKR IPL

IPL کرکٹ میں، کولکاتہ نائٹ رائڈرس کو اُس وقت ایک بڑا جھٹکا لگا، جب فاسٹ بالر آکاش دیپ کو زخمی ہونے کی وجہ سے اس سیزن میں ٹیم سے باہر رکھا گیا ہے۔ بنگال کے 29 سالہ فاسٹ بالر کا بنگلورو میں BCCI کے سینٹر آف ایکسی لینس میں علاج چل رہا ہے۔ آکاش کو ابوظہبی میں فرینچائزی نے پچھلے سال کی نیلامی میں ایک کروڑ روپے کی قیمت کے عوض ٹیم میں شامل کیا گیا تھا۔ Harshit Rana کالکاتہ نائٹ رائڈرس کیلئے اس سیزن میں پہلے ہی شامل نہیں کیے گئے ہیں، جبکہ Matheesha Pathirana سری لنکا کرکٹ سے اپنی منظوری کا اب بھی انتظار کر رہے ہیں۔

Ajinkya Rahane کی قیادت والی کے-کے-آر ٹیم 29 مارچ کو وانکھیڑے اسٹیڈیم میں ممبئی انڈینس کے خلاف اپنی مہم کا آغاز کرے گی۔×

Cricket Ind VS Ire

بھارتی کرکٹ کنٹرول بورڈ BCCI نے آئر لینڈ کے ساتھ اِس سال جون میں مردوں کی سینئر بھارتی کرکٹ ٹیم کی دو میچوں کی ٹی ٹوئنٹی سیریز کا اعلان کیا ہے۔ بھارتی ٹیم اپنا پہلا ٹی ٹوئنٹی میچ 26 جون کو Belfast میں اور دوسرا اور آخری میچ 28 جون کو اسی مقام پر کھیلے گی۔

پچھلے آٹھ سالوں میں بھارتی ٹیم کا، آئر لینڈ کا یہ تیسرا دورہ ہے۔ 2007 کے بعد سے بھارتی ٹیم پہلی بار Belfast میں میچ کھیلے گی۔ x

Tibet Ethnic Unity Law

جلا وطن تبّتی حکومت کے رہنماؤں نے چین کی جانب سے نئے منظور شدہ نسلی اتحاد اور ترقی کے فروغ کے قانون کی سخت مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اِس سے تبت اور دیگر خطوں میں ظلم و زیادتی میں مزید شدت آئے گی۔

اِس قانون میں، جس پر چینی صدر Xi Jinping نے اِس مہینے کی 12 تاریخ کو دستخط کیے تھے، نسلی اتحاد پر زور دیا گیا ہے اور یہ اِس سال پہلی جولائی سے نافذ العمل ہوجائے گا۔

تبّتی رہنماؤں نے اِس اقدام کی ایک دیرینہ جبر کے طور پر وضاحت کی ہے جو تبّتی، Uyghur اور دیگر اقلیتی ثقافتوں کو مٹانے کے عمل کو تیز کرنے گا۔x

Rawanda Youngest Centurion

خواتین کرکٹ میں، روانڈا کی Fanny Utagushimaninde خواتین ٹی-ٹوئنٹی کی تاریخ میں سنچری بنانے والی اب تک کی سب سے نوجوان کھلاڑی بن گئی ہیں۔ نائیجیریا Invitational خواتین ٹی-ٹوئنٹی ٹورنامنٹ میں انہوں نے گھانا کی طرف سے میچ کی شروعات کرتے ہوئے محض 65 گیندوں میں 111 رن بنائے۔ ساڑھے پندرہ سال سے کم عمر کی اس کھلاڑی نے یوگانڈا کی ساڑھے سولہ سال کی کھلاڑی Prosscovia Alako کا ریکارڈ توڑ دیا ہے، جنھوں نے 2019 میں Mali کے خلاف سنچری بنائی تھی۔ اس کے ساتھ Utagushimaninde ٹی-ٹوئنٹی کی تاریخ میں بغیر آؤٹ ہوئے 111 رن بنانے والی پہلی خاتون کھلاڑی بھی بن گئی ہیں۔

ان کی ریکارڈ توڑ باری کی بدولت روانڈا نے اس میچ میں 122 رن سے شاندار جیت حاصل کی۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......مجیب اختر

شکریہ -آسیہ

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اخبارات نے راجدھانی دلی سمیت ملک کے دیگر حصوں میں عیدالفطر کا تہوار پورے مذہبی جوش و خروش اور عقیدت کے ساتھ منائے جانے کی خبر کو شہ سرخی بنایا ہے۔

اخبارات نے وزیراعظم نریندر مودی کی ایران کے صدر مسعود پیزشکیان سے بات چیت کے دوران خطے میں بنیادی ڈھانچوں پر حملے کے تئیں تشویش کا اظہار کیے جانے کی خبر کو اہمیت دی ہے۔ ایرانی حملے کے بعد امریکہ کی طرف سے نیوکلیائی تنصیبات پر زبردست حملے کیے جانے اور ایران کی نتانز تنصیبات کو نشانہ بنانے سے متعلق خبر کو بھی اخباروں نے اجاگر کیا ہے۔

عیدالفطر کے موقع پر ایران کے بازاروں میں کوئی چہل پہل نہیں، 60 سال بعد مسجد اقصیٰ میں عید الفطر کی نماز ادا کرنے کی اجازت نہیں دی گئی۔ ان خبروں کو بھی آج کے اخبارات نے خصوصی طور پر شائع کیا۔

امریکہ کی طرف سے ایرانی تیل کے خرید و فروخت پر 30 دن کے لیے پابندی ہٹائے جانے سے متعلق خبر کو بھی اخبارات نے اولیت دی ہے۔ ریاستوں کو کل سے 20 فیصد زیادہ گیس ملے گی۔ حکومت کی جانب سے کمرشیل LPG کی فراہمی 50 فیصد کرنے کی خبر پر بھی آج کے اخباروں نے توجہ دی ہے۔x

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- ایران نے، امریکہ اور اسرائیل کی جانب سے اُس کی نیوکلیائی تنصیبات پر کیے گئے حملوں کے جواب میں Negeve نیوکلیائی ریسرچ سینٹر کے نزدیک اسرائیل کے Dimona اور Arad شہروں پر میزائلوں سے حملے کیے ہیں۔

2- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دھمکی دی ہے کہ اگر ایران نے 48 گھنٹے کے اندر آبنائے ہُرمز کو دوبارہ نہیں کھولا تو وہ ایران کے بجلی کے پلانٹس کو نشانہ بنائے گا اور انہیں تباہ کر دے گا۔

3- حکومت نے، چھوٹی ، بہت چھوٹی اور درمیانے درجے کی صنعتوں MSME مینوفیکچرس اور برآمد کاروں کیلئے کریڈٹ گارنٹی اسکیم میں ترمیم کی ہے۔

4- BJP نے پڈوچیری، کیرالم اور آسام میں آئندہ اسمبلی چناؤ کیلئے اپنے امیدواروں کی فہرستیں جاری کر دی ہیں۔

5- اور اسکویش میں، آج ممبئی میں انڈین اوپن کے مردوں کے سنگلز کے فائنل میں Veer Chotrani کا مقابلہ ابھے سنگھ سے ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔